2022年11月4日ジャング紙ラホール版1面

# عمران پر قاتلانہ حملہ، وزیر اعظم، وزیر داخلہ، ایجنسی افسر کیخلاف مقدمے کی درخواست

**نومبر ، 2022 04**

گوجرانوالہ (جنگ نیوز‘ ایجنسیاں) گوجرانوالہ کے علاقے وزیر آباد میں لانگ مارچ کے دوران چیئرمین پی ٹی آئی کے کنٹینر پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں ایک پی ٹی آئی کارکن جاں بحق جبکہ عمران خان اور فیصل جاوید سمیت 13 افراد زخمی ہو گئے۔ ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈاکٹرز کے مطابق عمران خان کی ٹانگ میں دو گولیاں لگی ہیں ان کی حالت خطرے سے باہرہے قاتلانہ حملے کیخلاف کراچی لاہور راولپنڈی پشاور سمیت کئی شہروں میں احتجاجی مظاہرے ہوئے ہیں پی ٹی آئی کارکن بڑی تعداد میں سڑکوں پر نکل آئے، مظاہرین نے سڑکیں بلاک کیں اور حکومت مخالف نعرے بازی کی۔ ذرائع کے مطابق حملہ آور نے پہلے برسٹ چلایا پھر ایک گولی چلائی‘ حملہ آور نے کالے رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے۔ زخمی ہونے والوں میں سینیٹر فیصل جاوید بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ حامد ناصر چٹھہ کے صاحبزادے احمد چٹھہ اور چوہدری محمد یوسف بھی زخمی ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ احمد چٹھہ کی حالت تشویش ناک ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف کو شوکت خانم اسپتال لاہور منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد عمران خان کے کنٹینر کو سیل کر دیا گیا ہے اور پولیس اور فارنزک ٹیموں نے کنٹینر سے شواہد اکٹھے کر لئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان کا سی ٹی اسکین کیا گیا، گولی آر پار ہوئی ہے، ہڈی محفوظ ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان کا کہنا ہے کہ عمران خان کی حالت مستحکم اورخطرے سے باہر ہے ایمرجنسی میں عمران خان کو دیکھا گیا، ایکس ریز لیے گئے ہیں، اسکینز بھی ہوئے ہیں۔ فیصل سلطان نے بتایا کہ عمران خان کو آپریشن تھیٹر منتقل کر دیا گیا ہے، گولی کے ذرات، ہڈی کیلئے سرجیکل ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہو گی تو وہ کیری آؤٹ ہوگی۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان کو ایک گولی پنڈلی اور دوسری ران میں لگی ہے۔ فیصل سلطان کے مطابق عمران خان کی دائیں ٹانگ میں دو گولیاں لگیں، عمران خان کی دائیں ٹانگ میں ایک سے زیادہ زخم ہیں، عمران خان کی ٹانگ میں کچھ ٹکڑے موجود ہیں، ڈاکٹروں کی ماہر ٹیم کام کر رہی ہے۔ خاندانی ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر آباد میں گاڑی میں بیٹھتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ وہ خود بیٹھیں گے، عمران خان سارے راستے باقی زخمیوں کا پوچھتے رہے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے واقعے کے حوالے سے اپنی رپورٹ جاری کر دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ احمد ناصر چٹھہ کو بائیں ٹانگ پر گولی لگی جبکہ عمران خان کی دائیں ٹانگ میں گولی لگی۔رپورٹ کے مطابق دیگر زخمیوں کو پیٹ اور ٹانگوں پر گولیاں لگیں۔ رپورٹ کے مطابق جاں بحق شخص کی شناخت معظم کے نام سے ہوئی ہے جسے سر اور پیٹ میں گولی لگی۔ معظم ملزم کو پکڑنے کی کوشش کر رہا تھا پی ٹی آئی کارکن ابتسام نے ملزم کو پکڑ لیا تاہم وہ چھڑا کر بھاگا جسے پولیس نے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گوجرانوالہ میں اللہ والا چوک میں پی ٹی آئی کے استقبالیہ کیمپ کے قریب عمران خان کے مرکزی کنٹینر پر فائرنگ کی گئی جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور بھگدڑ مچ گئی جبکہ موقع پر موجود سکیورٹی اہلکاروں نے حملہ آور کو فوری طور پر حراست میں لے لیا۔ اللہ والا چوک پر فائرنگ کے بعد سکیورٹی اہلکار فوری طور پر عمران خان کے پاس پہنچے اور انہیں حصار میں لے کر بلٹ پروف جیکٹ ان کے سامنے کر دیے، چیئرمین پی ٹی آئی کو کنٹینر سے بلٹ پروف گاڑی میں اسپتال منتقل کر دیا گیا، اسپتال منتقلی کے دوران عمران خان کے پاؤں میں پٹی بندھی ہوئی بھی دیکھی گئی۔